Nestlé

Nestlé Pakistan Ltd.

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 43rd Annual General Meeting of Nestlé Pakistan Ltd; will be held at 12:00 pm on April 27, 2021 to transact the following business, at Lahore.
In wake of the outbreak of COVID-19 (Corona Virus Disease-2019) shareholders are encouraged to attend the Meeting online as per the instructions given in notes section below.

ORDINARY BUISNESS:

1. To receive, consider and adopt the Audited Accounts of the Company for the year ended December 31, 2020 together with the Directors' and Auditors' reports thereon.

2. To appoint EY Ford Rhodes ("EY"), Auditors for the term ending at the conclusion of the next Annual General Meeting and to fix their remuneration. . The retiring Auditors M/s. EY Ford Rhodes ("EY") being eligible have offered themselves for re-appointment.

3. To approve payment of Final Cash Dividend of Rs. 61 per share i.e. 610% to those who are Shareholders as at the close of business on April 19, 2021, in addition to the 1330% Interim Cash Dividend (i.e. Rs. 133 per share) already paid during the year 2020, as recommended by the Directors.

Any Other Business:

4. To transact any other business with the permission of the Chair.

BY ORDER OF THE BOARD

Ali Sadozai
Company Secretary

Dated: April 02, 2021

NOTES:

i) Share Transfer Books of Nestlé Pakistan Limited ("Company") shall remain closed from April 20, 2021 to April 27, 2021 (both days inclusive) and no transfer will be registered during that time. Share transfer deeds received in order with the Share Registrar of the Company, i.e. CDC Share Registrar Services Limited (CDCSRSL), CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S., Main Shahra-e-Faisal, Karachi-74400 at the close of business on April 19, 2021 will be treated in time for entitlement of payment of Final Cash Dividend.

ii) A member entitled to attend and vote at the Annual General Meeting ("Meeting") is entitled to appoint another member as a proxy to attend and vote on his/ her behalf. In case of a corporate entity, being a member, may appoint as its proxy any of its official or any other person whether a member of the Company or not through Board Resolution/ Power of Attorney.

iii) The instrument appointing a proxy duly stamped/ signed and witnessed, and must be received at the Registered Office of the Company at 308-Upper Mall, Lahore, not later than forty eight (48) hours before the Meeting or e-mail scanned copy of the same at investor.relations@pk.nestle.com.

iv) Shareholders whose shares are registered in their account/sub-account with Central Depository System (CDS) are requested to email copy of CNIC along with their account number in CDS and participants ID number for verification. In case of appointment of proxy by such account holders it must be accompanied with participants' ID number and Account/Sub-account number along with attested photocopies of CNIC or the Passport of the beneficial owner. Representatives of Corporate Members should email the usual documents required for such purposes through the email (investor.relations@pk.nestle.com) communicated in Proxy Form through which they are appointed as Proxy of the respective Shareholder.

v) Members should quote their Folio. / CDS Account number in all correspondence with the Company and at the time of attending the Annual General Meeting.

vi) Shareholders are requested to notify the change of address, Zakat Declaration and Tax Exemption Status with its valid certificate, if any, immediately to our Share Registrar.

vii) In case of joint holders, only one member whose name will appear as main title shareholder in our list of shareholders, will be allowed to attend the General Meeting.

viii) There was no investment made by the Company in its Associated Companies/ Undertaking during the year 2020, hence no update is required to be made as part of the Annual Report which is required under Regulations 4 and 6 of the Companies (Investment in Associated Companies or Associated Undertakings) Regulations, 2019

SPECIAL NOTES TO THE SHAREHOLDERS:

ix) WITHHOLDING OF PAYMENT OF DIVIDEND - SUBMISSION OF COPIES OF CNIC (URGENT & MANDATORY):

As per SECP directives the dividend of shareholders whose valid CNICs, are not available with the Share Registrar could be withheld. All shareholders having physical shareholding are therefore advised to submit a photocopy of their valid CNICs immediately, if already not provided, to the Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited (CDCSRSL), CDC House 99-B, Block 'B', Sindhi Muslim Cooperative Housing Society (S.M.C.H.S), Main Shahra-e-Faisal, Karachi – 74400 without any further delay.

x) DEDUCTION OF INCOME TAX FROM DIVIDEND UNDER SECTION 150 OF INCOME TAX ORDINANCE 2001:

As per the provisions of Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Ordinance"), whereby, different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the Companies.

The current withholding tax rates are as under:

(a) For Filers of Income Tax Returns: 15%
(b) For Non-Filers of Income Tax Returns: 30%

To enable the Company to make tax deduction on the amount of Cash Dividend at the rate of 15% instead of 30%, all the shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of the Federal Board of Revenue ("FBR"), despite the fact that they are Filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the date of issuance of Dividend Warrants, otherwise tax on their Cash Dividend will be deducted at the rate of 30%.

The Corporate Shareholders having CDC account are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificates to the Company or Company's Share Registrar and Share Transfer Agent, CDCSRSL.

The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote company name and their respective Folio Numbers.

As per FBR's clarification, the valid Tax Exemption Certificate under Section 159 of the Ordinance is mandatory to claim exemption of withholding tax under Clause 47B of Part-IV of Second Schedule to the Ordinance. Those who fall in the category mentioned in above Clause must provide valid Tax Exemption Certificate to our Shares Registrar; otherwise tax will be deducted on dividend amount as per rates prescribed in Section 150 of the Ordinance.

For shareholders holding their shares jointly as per the clarification issued by the FBR, withholding tax will be determined separately on "Filer/ Non-Filer" status of Principal shareholder as well as Joint-holder(s) based on their shareholding proportions. Therefore, all shareholders who hold shares jointly are required to provide shareholding proportions of Principal Shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to the Company's Share Registrar and Share Transfer Agent in writing as follows:

| Folio / CDC Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | |
| | | | | | |

xi) PAYMENT OF CASH DIVIDEND THROUGH ELECTRONIC MODE: (MANDATORY)

Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a listed company including Nestlé Pakistan Limited to pay cash dividend to its shareholders ONLY through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders. In order to receive dividend directly into their bank account, shareholders are requested to fill in ELECTRONIC CREDIT MANDATE FORM available at Company's website and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Share Registrar (CDCSRSL) of the Company in case of physical shares. In case of shares held in CDC then ELECTRONIC CREDIT MANDATE FORM must be submitted directly to shareholder's broker/participant/ CDC account services.

ELECTRONIC CREDIT MANDATE FORM:

| | |
|---|---|
| Folio Number | |
| Name of Shareholder | |
| Title of the Bank Account | |
| Name of Bank | |
| Name of Bank Branch and Address | |
| International Bank Account Number (IBAN) | |
| Cellular & Landline Number of Shareholder | |
| E-mail Address | |
| CNIC / NTN number (Attach copy) | |
| Signature of Shareholder | |

**In case of non-receipt of IBAN detail, the Company will be constrained to withhold payment of dividend under Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017.**

xii) UNCLAIMED DIVIDENDS AND SHARES: (IMPORTANT & MANDATORY)

Shareholders of the Company are hereby informed that as per the record, there are some unclaimed/uncollected dividends and shares. Shareholders who could not collect their dividends/shares are advised to contact Nestlé Share Registrar, CDCSRSL to collect/enquire about their unclaimed dividend or shares, if any. In compliance with Section 244 (2) of the Companies Act, 2017, after having completed the stipulated procedure, of three (3) years or more from the date due and payable, shall be deposited to the credit of Federal Government in case of unclaimed dividend and in case of shares, shall be delivered to SECP.

xiii) TRANSMISSION OF ANNUAL REPORT:

The Audited Financial Statements of the Company for the year ended December 31, 2020 have been made available at the Company's website (https://www.nestle.pk/) in addition to the Annual and Quarterly financial statements for the prior years.

Further, Annual Report of the Company for the year ended December 31, 2020 has been e-mailed to the respective shareholders who have provided their valid e-mail IDs to the Share Registrar of the Company (CDCSRSL), and dispatched DVD's to those who have not updated their e-mail IDs yet.

However, if a shareholder, requests for hard copy of the Annual Audited Financial Statements, the same shall be provided free of cost within seven (07) days of receipt of such request. For convenience of shareholders, a "Standard Request Form for provision of hardcopy of Annual Audited Accounts" has also been made available at the Company's website (https://www.nestle.pk/).

xiv) CONVERSION OF PHYSICAL SHARES IN TO CDC ACCOUNT:

The Shareholders having physical shareholding are encouraged to place their physical shares into scripless form as defined in Section 72(2) of the Companies Act, 2017 i.e.; "Every existing company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by SECP, within a period not exceeding four years from the commencement of the Act."

The Shareholders having physical shareholding may open CDC Sub-account with any of the broker or investor account directly with CDC to place their physical share into scrip less form, this will facilitate them in many forms including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Stock Exchange.

xv) ONLINE PARTICIPATION IN AGM: ( As per SECP circular physical attendance )

In view of the evolving situation on the spread of the COVID-19, Nestlé Pakistan has decided to conduct above Shareholders' Meeting online in order to protect the wellbeing of the shareholders.

The shareholders will be able to login and participate in the AGM proceedings through their smartphones or computer devices from their homes or any convenient location after completing all the formalities required for the verification and identification of the shareholders.

In this regard, shareholders are required to update their valid e-mail addresses with the Share Registrar, CDCSRSL latest by April 12, 2021. A detailed procedure shall be communicated through e-mail directly to the shareholders who have provided their valid e-mail IDs and same shall be placed at the Company's website (https://www.nestle.pk/) in Investor Relations section.

The Shareholders' who have already updated their valid e-mail addresses with the Company or its Share Registrar (CDCSRSL) and are interested to attend AGM may send below information at investor.relations@pk.nestle.com for their / their appointed proxy's verification. Such information should be sent from their duly registered valid e-mail address for the registration purposes latest by April 15, 2021.

| S. NO. | NAME OF THE SHAREHOLDER | CNIC NUMBER | FOLIO NUMBER | CELL NUMBER | REGISTERED E-MAIL ADDRESS |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

In case of appointment of a proxy, please communicate above information for the individual who has been appointed as proxy of the Shareholder to participate and vote on behalf of the respective shareholder alongwith the duly signed proxy form.

# نیسلے پاکستان لمیٹڈ

Nestlé

# تینتالیسواں (43) سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیسلے پاکستان لمیٹڈ کا تینتالیسواں (43) سالانہ اجلاسِ عام، مندرجہ ذیل معاملات کو طے کرنے کے لیے 27 اپریل 2021ء کو 12:00 بجے دوپہر، لاہور میں منعقد ہوگا۔

COVID-19 (کورونا وائرس کی بیماری 2019ء) کے تناظر میں، شیئر ہولڈرز کو مندرجہ ذیل نوٹس سیکشن میں دی گئی ہدایت کے مطابق اجلاس میں آن لائن شرکت کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

**عمومی امور:**

1۔ 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، ڈائریکٹران اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، بحث اور منظوری۔

2۔ آئندہ سالانہ اجلاسِ عام تک کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب اور اُن کے مشاہرے کا تعین۔ Messers EY Ford Rhodes، نے اہلیت کی بنیاد پر تقرری کی پیشکش کی ہے۔

3۔ ڈائریکٹران کی تجویز کی روشنی میں 19 اپریل 2021ء کو کاروبار کے اختتام پر حقدار شیئر ہولڈرز کو 61 روپے فی شیئر 610 فیصد کے حساب سے کمپنی نقد منافع منقسمہ برائے 2020ء کی ادائیگی کی منظوری۔ یہ ڈیویڈنڈ 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران ادا کئے جانے والے عبوری منافع منقسمہ 133 روپے فی شیئر 1330 فیصد کے علاوہ ہے۔

**دیگر امور:**

4۔ چیئرمین کی اجازت سے دوسرے امور پر گفت وشنید۔

**حسب الحکم بورڈ آف ڈائریکٹر**

**علی سدوزی**
**کمپنی سیکریٹری**

**تاریخ :** 02 اپریل، 2021ء

**نوٹس:**

i۔ نیسلے پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کی شیئر منتقلی کی کتابیں 20 اپریل 2021ء سے 27 اپریل 2021ء تک بند رہیں گی (بشمول دونوں دن) اور اس دوران شیئر کی کوئی منتقلی نہیں کی جائے گی۔ ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کیلئے درست شیئر ٹرانسفر ڈیڈز 19 اپریل 2021ء تک نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے شیئر رجسٹرار سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRSL)، سی ڈی سی ہاؤس B-99 بلاک بی، مین شاہراہ فیصل کراچی۔ 74700 پر کاروباری اوقات کار میں وصول ہو جانی چاہیے۔

ii۔ ایسے ممبران جو سالانہ اجلاس عام (اجلاس) میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، اپنی بجائے کسی اور شخص کا تقرر کر سکتے ہیں کہ وہ اُن کی جگہ اجلاس میں شرکت کر سکتے ہیں۔ اور ووٹ ڈالنے کارپوریٹ ادارے کی صورت میں جو کہ کمپنی کے ممبر ہیں، اپنے کسی ملازم یا کسی اور شخص کو ڈائریکٹر کی قرارداد/پاور آف اٹارنی کے تحت مقرر کر سکتے ہیں، جو کہ اُن کی بجائے ووٹ ڈالنے کے اہل ہونگے۔

iii۔ اپنی جگہ کسی اور ممبر کی اجلاس میں نامزدگی کے لیے دستخط اور مشاہدہ شدہ فارم ہمارے رجسٹرڈ آفس 308 اپر مال لاہور میں اجلاس کے آغاز سے 48 گھنٹے قبل تک پہنچ جانے چاہیں یا اسکین شدہ کاپی investor.relations@pk.nestle.com پر ای میل کر دیں۔

iv۔ ایسے شیئر ہولڈرز جن کے شیئر سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم کے تحت اُن کے اپنے اکاؤنٹ نمبر اور اصل شناختی کارڈ تصدیق کے لیے ای میل کریں۔ پراکسی کی صورت میں شرکت کرنے والا شناختی کارڈ نمبر، اکاؤنٹ نمبر اور اصل مالک کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق کے لیے ای میل کریں۔ کارپوریٹ ممبر کا نمائندہ ہونے کی صورت میں وہ عمومی دستاویزات جو اُن مقاصد کے لیے ضروری ہوتی ہیں جس کے ذریعے وہ متعلقہ شیئر ہولڈرز کے پراکسی کے طور پر مقرر ہوتے ہیں، مکمل دستاویزات investor.relations@pk.nestle.com پر ای میل کر دیں۔

v۔ ممبران اپنا فولیو نمبر اپنی تمام خط و کتابت، سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے موقع پر فراہم کریں گے۔

vi۔ تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے ایڈریس کی تبدیلی کی اطلاع، زکوٰۃ، ڈکلیریشن اور انکم ٹیکس معافی کے لاگو سرٹیفکیٹ فوری طور پر ہمارے شیئر زرجسٹرار تک پہنچا دیں۔

vii۔ مشترکہ شیئر ہولڈرز ہونے کی صورت میں صرف اس رکن کو اجلاس عام میں شرکت کی اجازت دی جائے گی جس کا نام نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کی فہرست میں مرکزی عنوان میں ظاہر ہو رہا ہوگا۔

viii۔ سال 2020ء کے دوران کمپنی نے اپنی **Associated Companies\ Undertakings** میں کسی قسم کی سرمایا کاری نہیں کی لہٰذا **Companies (Investment in Assosiated Companies or Associated Undertaking) Regulations, 2019** کے ریگولیشن 4 اور 6 کے تحت سالانہ رپورٹ میں خصوصاً بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔

## خصوصی نوٹس برائے شیئر ہولڈرز:

ix۔ **کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول کی حوالگی (انتہائی ضروری اور لازمی):**

SECP کی ہدایت کے مطابق اُن شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈز کو روک لیا جائے گا جو اپنا درست شناختی کارڈ دستیاب نہیں کر سکے۔ فیزیکل شیئر ہولڈرز کو ایک مرتبہ پھر یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ اپنے درست شناختی کارڈ کی کاپی شیئرز رجسٹرار CDC ہاؤس B-99 بلاک بی، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S) مین شاہراہ فیصل کراچی 74400 کو مزید تاخیر کے بغیر مہیا کیا جائے۔

x۔ **ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:**

انکم ٹیکس (آرڈیننس) 2001 کی 150 شق کے ضوابط کے مطابق کمپنیز کی ادا کردہ ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کیلئے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔

**ودہولڈنگ ٹیکس کی موجودہ شرحیں درج ذیل ہیں:**

a) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے والوں کیلئے 15 فیصد

b) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کیلئے 30 فیصد

کمپنی کو کیش ڈیویڈنڈ کی رقم پر 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد کی شرح سے ٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کیلئے تمام ایسے شیئر ہولڈرز جن کے نام اس حقیقت کے باوجود کہ وہ ٹیکس گوشوارے جمع کراتے ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں، ہدایت کی جاتی ہے کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس کے اجراء کی تاریخ سے پہلے ان کا نام ATL میں شامل ہو، بصورت اِن کے کیش ڈیویڈنڈ میں سے 30% کے حساب سے کٹوتی کی جائے گی۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے این ٹی این نمبر کے سرٹیفکیٹ کی نقل بینک کے رجسٹرڈ شیئر رجسٹرار اور ٹرانسفر ایجنٹ، (سی۔ڈی۔سی۔ایس۔آر۔ایل) کو بھیجنا ہوگی۔

شیئر ہولڈرز کو نیشنل ٹیکس نمبر کا سرٹیفکیٹ ارسال کرتے وقت اپنی کمپنی کا نام اور انکے متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ لازماً دینا ہوگا۔

FBR کی وضاحت کے مطابق آرڈیننس کے سیکنڈ شیڈول کے پیرا iv کی دفع 47B کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس میں استثنیٰ کا دعوی کرنے کیلئے آرڈیننس کی شق نمبر 159 کے تحت ایک کار آمد استثنائی (Valid Exemption) سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازم ہے۔ جو لوگ مندرجہ ذیل دفع میں بیان کردہ درجہ بندی میں آتے ہیں، اُنہیں لازماً ایک کار آمد استثنائی (Valid Exemption) سرٹیفکیٹ ہمارے شیئر رجسٹرار کو مہیا کرنا ہوگا۔

بصورت دیگر ڈیویڈنڈ کی رقم پر آرٹیکل کی شق 150 میں مقرر شدہ شرحوں کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کر لی جائے گی۔

ایسے شیئر ہولڈر کیلئے جو FBR کی جاری کردہ وضاحت کے مطابق مشترکہ شیئر کے حامل ہوں، ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈرز کی گوشوارے جمع نہ کروانے کی الگ الگ حیثیت پر اور اس کے ساتھ بطور مشترکہ مالک (مالکان) ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ لہذا ایسے تمام شیئر ہولڈرز کا جو مشترکہ شیئرز کے حامل ہیں، پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کی طرف سے رجسٹر اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کی تحویل میں موجودہ شیئرز کے حوالے سے تحریری طور پر بمطابق ذیل شیئر ہولڈنگ کے تناسب فراہم کرنے ہوں گے:

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |
| | | | | | |

مندرجہ بالا معلومات وصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ایسے شیئر ہولڈرز کی ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی پابند ہوگی۔

xi۔ **کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے ادائیگی: (لازمی)**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 242 کے تحت لازمی ہے کہ لمیٹڈ کمپنی اپنے حقدار شیئر ہولڈرز کو ان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں صرف الیکٹرانک ذرائع سے نقد منافع کی ادائیگی براہ راست کرے۔ فزیکل شیئرز کی صورت میں منافع اپنے بینک اکاؤنٹس میں براہ راست وصول کرنے کیلئے شیئر ہولڈر کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب **"الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم"** دستخط کر کے شناختی کارڈ کی ایک نقل کے ہمراہ کمپنی رجسٹرار CDC ہاؤس B-99 بلاک بی، ایس، ایم، سی، ایچ مین شاہراہ فیصل کراچی ارسال کریں۔

**الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم:**

| | |
|---|---|
| فولیو نمبر | |
| شیئر ہولڈر کا نام | |
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل | |
| بینک کا نام | |
| بینک برانچ کا نام اور پتہ | |
| انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) | |
| شیئر ہولڈر کا موبائل یا ٹیلی فون نمبر | |
| ای میل ایڈریس | |
| شناختی کارڈ نمبر/این ٹی این نمبر (کاپی منسلک کریں) | |
| شیئر ہولڈر کے دستخط | |

مندرجہ بالا معلومات وصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ایسے شیئر ہولڈرز کی ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی پابند ہوگی۔

Xii۔ **غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز (اہم اور لازمی):**

کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے ریکارڈ کے مطابق کچھ ڈیویڈنڈ اور شیئرز ابھی تک غیر وصول شدہ ہیں لہٰذا ایسے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے جو کہ اب تک اپنا ڈیویڈنڈ اور شیئرز وصول نہیں کر سکے وہ اپنے غیر وصول شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) سے فوری رابطہ کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کی تعمیل کے لیے تجویز کردہ طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد ڈیویڈنڈ کے اعلان سے اور واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین (03) سال یا زیادہ عرصہ گزارنے کے بعد ڈیویڈنڈ کی صورت میں فیڈرل گورنمنٹ کے اکاؤنٹ میں جمع کروا دیئے جائیں گے۔ جبکہ غیر وصول شدہ شیئرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے حوالے کر دیئے جائیں گے۔

Xiii۔ **سالانہ رپورٹ کی ترسیل:**

کمپنی کی 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کی آڈٹ شدہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ کمپنی ویب سائٹ **http://www.nestle.pk** پر دستیاب کر دی گئی ہے۔

اس کے علاوہ پچھلے سالوں اور سہ ماہی رپورٹس بھی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ 31 دسمبر 2020ء کو ختم ہونے والے سال کی سالانہ رپورٹ متعلقہ شیئر ہولڈر کو ای میل پر دی گئی ہیں جنھوں نے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار (سی۔ڈی۔سی۔ایس۔آر۔ایس۔ایل) کو درست ای میل آئی ڈی فراہم کئے ہیں اور جن کا ابھی تک ای میل آئی ڈی اپ ڈیٹ نہیں ہے ان کو DVD بھیج دی گئی ہیں/فراہم کی جائیں گی۔

تاہم اگر کوئی شیئر ہولڈر سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹ کی ہارڈ کاپی کے لئے درخواست کرتا ہے تو، اس کو 07 دن کے اندر بلا معاوضہ فراہم کیا جائے گا۔

شیئر ہولڈر کی سہولت کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ (**http://www.nestle.pk**) پر سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹ کی فراہمی کے لئے درخواست فارم بھی موجود ہے۔

Xiv: **فزیکل شیئرز کی CDC اکاؤنٹ کی منتقلی:**

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو تجویز دی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز اسکرپ لیس فارم میں رکھیں جیسا کہ کمپنی ایکٹ، 2017ء کے سیکشن (2) 72 میں درج ہے کہ "ہر موجودہ کمپنی کی لئے لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو SECP کی جانب سے واضح کردہ بُک انٹری فارم میں تبدیل کرے اور SECP کی جانب سے دی جانے والی تاریخ سے متعلقہ ایکٹ کے نفاذ سے چار سال کے اندر تعمیل کرے۔

تمام فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئر اسکرپ لیس طریقے سے رکھنے کے لیے کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC-sub account یا پھر CDC کے ساتھ Investor account کھول کے رکھ سکتے ہیں۔

اس سے نہ صرف انہیں محفوظ طریقے سے شیئرز رکھنے کی سہولت حاصل ہوگی بلکہ اپنے شیئرز کو کسی بھی وقت ٹریڈ کر سکتے ہیں جیسا کہ اسٹاک ایکسچینج کے قوائد کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ ممنوع ہے۔

Xv: **سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت:**

COVID-19 کے پھیلاؤ کو پیش نظر رکھتے ہوئے SECP کی ہدایت کے مطابق نیسلے پاکستان لمیٹڈ نے شیئر ہولڈرز میٹنگ آن لائن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ شیئر ہولڈرز اجلاس عام میں اپنے Smart phone یا **Computer Devices** کے ذریعے login کر کے اپنے گھر یا کسی مناسب جگہ سے شرکت کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے شیئر ہولڈرز کو اپنی تصدیق اور شناخت کروانا دی گئی ہدایات کے مطابق لازم ہوگی۔ اس سلسلے میں شیئر ہولڈرز پر لازم ہے وہ اپنے درست ای میل ایڈریس شیئر رجسٹرار CDCSRSL کو 12 اپریل 2021ء تک بھیج دیں۔ ایک تفصیلی طریقہ کار براہِ راست ای میل کے ذریعے ان شیئر ہولڈرز کو بتانا جائے جنھوں نے اپنے درست ای میل فراہم کئے ہیں اور معلومات کمپنی کی ویب سائٹ (http://www.nestle.pk) میں انویسٹر ریلیشن سیکشن میں بھی موجود ہوگی۔ شیئر ہولڈرز جو پہلے ہی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار (CDCSRSL) اپنے درست ای میل اپ ڈیٹ کر چکے ہیں اور AGM میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، وہ شیئر ہولڈر/مقرر کردہ پراکسی تصدیق کے لئے درج ذیل معلومات investor.relations@pk.nestle.com پر بھیج سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے مقاصد کے لئے مستند طور پر درست ای میل 15 اپریل 2021ء تک بھیج دیں۔

| سیریل نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر | ای میل ایڈریس | موبائل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

تقرر شدہ پراکسی کی صورت میں پراکسی ہولڈر کی مندرجہ بالا معلومات کمپنی کو فراہم کریں تاکہ وہ شیئر ہولڈر کی بجائے اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈال سکے۔

پراکسی کی صورت میں مندرجہ بالا معلومات اُن افراد تک پہنچایا جائے جو شیئر ہولڈر کی پراکسی کے طور پر مقدر اور متعلقہ شیئر ہولڈر کی جانب سے ووٹ ڈالے۔